Haleon Pakistan Limited

HALEON
For Health. With Humanity.

عبوری نقد ڈیویڈنڈ اور شیئر کتب کی بندش کا نوٹس

Haleon Pakistan Limited ("کمپنی") کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 27 اگست 2026 میں، 30 جون 2026 کو مکمل ہونے والی ششماہی کیلئے عمومی شیئرز پر 10.00 روپے فی شیئر (100%) کا عبوری نقد ڈیویڈنڈ ادائیگی کی اعلان کیا ہے۔

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر کتب مورخہ 8 ستمبر 2026ء سے 9 ستمبر 2026ء تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔ اس مدت کے دوران کسی بھی قسم کی ٹرانسفر رجسٹریشن کے لیے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مرکزی شارع فیصل، کراچی کے دفتر میں 7 ستمبر 2026ء کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو 30 جون 2026ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے عبوری نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

نوٹس:

ا. سی این آئی سی/این ٹی این کی کاپی جمع کرانا - الیکٹرانک ڈیویڈنڈ (لازمی)

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے S.R.O. No. 831(1)/2012 مورخہ 5 جولائی 2012 کو S.R.O. No. 19(1)/2014 مورخہ 10 جنوری 2014 اور دیگر متعلقہ قواعد کے مطابق الیکٹرانک ڈیویڈنڈ میں رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا مجاز شخص ماسوائے نابالغوں اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کا سی این آئی سی نمبر بھی درج ہونا چاہیے۔

مزید براں کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن نمبر 4 اور 6 مع S.R.O. No. 485(I)/2018 مورخہ 18 اپریل 2018 اور S.R.O. No. 441(I)/2020 مورخہ 14 مئی 2020 کی ترامیم کے مطابق، کمپنی شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کے شناختی نمبر (سی این آئی سی یا نیشنل ٹیکس نمبر) کی عدم دستیابی کی صورت میں ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے کا پابند ہے۔

لہٰذا، وہ شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنا درست سی این آئی سی یا این ٹی این سرٹیفکیٹ جمع نہیں کروایا، ان سے گزارش ہے کہ فوراً کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شارع فیصل، کراچی کو فراہم کریں۔ کارپوریٹ ادارے اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) اور فولیو نمبر بشمول مجاز نمائندے کی سی این آئی سی کی کاپی فراہم کریں۔

۲. الیکٹرانک طریقے سے نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (لازمی)

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر 18 سال 2017 مورخہ 1 اگست 2017 اور کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ضوابط 2017 کے تحت ہدایات اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کے مطابق، تمام لسٹڈ کمپنیاں پابند ہیں کہ 1 نومبر 2017 سے نقد ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک طریقے سے ادا کیا جائے۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنی بینک تفصیلات، بشمول: (i) اکاؤنٹ کا ٹائٹل، (ii) اکاؤنٹ نمبر، (iii) IBAN نمبر، (iv) بینک کا نام، (v) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ، اور (vi) موبائل نمبر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیں۔ جن شیئر ہولڈرز کے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) یا شرکاء کے پاس موجود ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ یہ معلومات اپنے متعلقہ شرکاء / CDC کو فراہم کردیں۔

براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ کمپنی ایکٹ 2017 کی شق 243(3) کے مطابق، اگر مطلوبہ معلومات فراہم نہ کی جائیں گی تو کمپنی کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے کا اختیار حاصل ہے۔

شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لئے کمپنی کا ای-ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.haleon.pk پر دستیاب ہے۔

۳. ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

شیئر ہولڈرز جن کے نام فعال ٹیکس گزاروں کی فہرست (ATL) میں شامل نہیں ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ فوری طور پر اندراج کیلئے ضروری اقدامات کریں تاکہ وہ فعال (ایکٹیو) ہو جائیں، بصورت دیگر ان کے نقد ڈیویڈنڈ پر قانون کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

مزید براں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) سے موصولہ وضاحت کے مطابق، مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈرز کے فعال / غیر فعال اسٹیٹس کی بنیاد پر ان کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس علیحدہ علیحدہ لاگو کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں، تمام شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز مشترکہ شیئر ہولڈرز کے ساتھ ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مطلع کردیں۔

فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	کل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		مشترکہ شیئر ہولڈر	
		نام اور CNIC نمبر	شیئر ہولڈنگ تناسب (حصص کی تعداد)	نام اور CNIC نمبر	شیئر ہولڈنگ تناسب (حصص کی تعداد)

i. مطلوبہ معلومات 7 ستمبر 2026ء کے کاروباری وقت کے اختتام سے قبل شیئر رجسٹرار کو لازمی موصول ہو جائیں۔ بصورت دیگر، فرض کیا جائے گا کہ پرنسپل اور مشترکہ ہولڈرز کے پاس یکساں شیئرز ہیں اور اسی کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

ii. شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کا CNIC / پاسپورٹ نمبر شرکاء / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا (اگر شیئرز فزیکل صورت میں ہوں تو) کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔

iii. وہ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جن کے سی ڈی سی اکاؤنٹس ہیں، سے استدعا ہے کہ وہ اپنے متعلقہ شرکاء کو اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپڈیٹ کروائیں۔ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔ تمام شیئر ہولڈرز کو NTN یا NTN سرٹیفکیٹس ارسال کرتے وقت اپنی کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبر لازمی درج کریں۔

iv. ڈیویڈنڈ آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی استثنیٰ صرف اس صورت میں دیا جائے گا جب کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو 7 ستمبر 2026ء تک درست ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی دستیاب کردی جائے گی۔

۴. پتے کی تبدیلی اور زکوٰۃ کا اسٹیٹس

شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پوسٹل ایڈریس یا ای میل ایڈریس میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان پر اس کا اطلاق ہوتا ہو، تو زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا فارم جمع کرائیں۔ مزید برآں، سی ڈی سی کے ذریعے اپنے شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شرکاء کو اپ ڈیٹ کریں۔

۵. غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈز/شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنی اس سے قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کے تحت اپنی ذمہ داری ادا کرچکی ہے، جس کے تحت کمپنی نے قانون کے مطابق اپنے غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈز کا دعویٰ کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کیا تھا۔ وہ شیئر ہولڈرز، جن کے ڈیویڈنڈ/شیئر سرٹیفکیٹ ابھی تک غیر کلیم شدہ ہیں، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے آؤٹ اسٹینڈنگ ڈیویڈنڈز کی رقم اور/یا غیر تقسیم شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کلیم کرنے کے لیے کمپنی سے رابطہ کریں۔

بحکم بورڈ
-sd-
محترمہ مشعل محمد
بیرسٹرایٹ لاء
کمپنی سیکریٹری

کراچی
1 ستمبر 2026ء